मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

ڈاکٹر شکیل احمد
رجسٹرار

نمبر: مانو/شعبۂ نباتیات/مسل 14/2016-17/50

29/اپریل 2016

بملاحظہ

مانو کے تمام ڈین
مانو کے تمام ڈائرکٹرس برائے مراکز/ نظامت فاصلاتی تعلیم
مانو کے تمام صدور شعبہ جات
مانو کے تمام ماڈل اسکول کے پرنسپال
مانو کے تمام انتظامی افسران

موضوع: قانونِ حیاتیاتی تنوع (Bio Diversity) کے قواعد کی سختی کے ساتھ عمل آوری کے لیے یو جی سی کی ہدایات - کی بابت

حوالہ: سکریٹری، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، نئی دہلی کا جاری کردہ ڈی او نمبر (CPP-11) 14/6/2015 مورخہ 2/مارچ 2015

محترم/محترمہ

یو جی سی کی ہدایات کے مطابق بحوالہ مذکورہ مکتوب، یونیورسٹی اور ملحقہ کالجس/ کیمپس کے تمام تدریسی شعبہ جات/ محققین/ سائنسدان، قانون قومی حیاتیاتی تنوع 2002 اور قومی حیاتیاتی قواعد 2004 کی سختی کے ساتھ پابندی کریں۔ ان قوانین کے ذریعہ حیاتیاتی وسائل کے تحفظ اور مثبت استعمال کو یقینی بنانے اور ان حیاتیاتی وسائل و نیز ملحقہ علم کے استعمال سے حاصل ہونے والے فوائد کی مساویانہ تقسیم کو یقینی بنایا گیا ہے۔ قانون کی رو سے سائنسداں/ محققین/ جامعات کی جانب سے حیاتیاتی وسائل سے مربوط سرگرمیوں کے لیے قومی حیاتیاتی تنوع اتھاریٹی (این بی اے) یا ریاستی حیاتیاتی تنوع بورڈ سے پیشگی اجازت ضروری ہے۔ خلاف ورزی پر قانونی کاروائی کی جاسکتی ہے۔

انہیں قومی حیاتیاتی اتھاریٹی کی سرکاری ویب سائٹ سے تازہ ترین اور حقیقی رہنمایانہ خطوط سے استفادہ کرنا ہوگا اور اس ضمن میں ان سے قانونِ حیاتیاتی تنوع و نیز مربوط قواعد پر سختی کے ساتھ عمل آوری کو یقینی بنانے کی درخواست کی گئی ہے۔

متعلقہ قانون اور قواعد کی تفصیلات قومی حیاتیاتی تنوع اتھاریٹی کی ویب سائٹ www.nbaindia.org سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

دستخط
رجسٹرار

نقل برائے:

1. ڈائرکٹر سی آئی ٹی ....ویب سائٹ کے لیے

گچی باؤلی، حیدرآباد - 032 500 تلنگانہ، ہندوستان
ٹیلی فون رجسٹرار: (Fax) 040-23006604، ای میل: registrar@manuu.ac.in، ویب سائٹ: www.manuu.ac.in